# Bata PAKISTAN LIMITED

## سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

تمام شیئر ہولڈرز/ممبرز کو اطلاع دی جاتی ہے کہ باٹا پاکستان لمیٹڈ کا 71 واں سالانہ اجلاس عام بدھ، 19 اپریل 2023ء بوقت صبح 10:00 بجے رجسٹرڈ آفس، بمقام جی ٹی روڈ، باٹا پور، لاہور میں منعقد کیا جائے گا جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیر بحث لائے جائیں گے:

۱۔ مورخہ 25 اپریل 2022ء کو منعقدہ ہونے والے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق

۲۔ مورخہ 31 دسمبر 2022ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کی وصولی، زیر غور لانا اور منظور کرنا

۳۔ 31 دسمبر 2023ء کو مکمل ہونے والے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹر میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بنا پر، کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر خود کو تعیناتی کے لئے پیشکش کی ہے۔

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی اور معاملہ زیر بحث لانا۔

بحکم بورڈ

محمد ارسلان
کمپنی سیکرٹری

باٹا پور، لاہور
28 فروری 2023ء

## نوٹس

**۱۔ شیئر منتقلی کتابوں کی بندش:**

کمپنی کی شیئر منتقلی کی کتابیں 13 اپریل 2023ء تا 19 اپریل 2023ء، (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ لمیٹڈ) K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو شام کے وقت موصول ہونے والی درخواستوں کو، اجلاس میں شامل ہونے کے لئے بروقت تصور ہوں گی۔

**۲۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت:**

کمپنی کا کوئی بھی رکن جسے اجلاس میں شریک ہونے اور اس میں ووٹ کرنے کا حق حاصل ہے وہ کسی اور شخص کو اپنی جگہ شریک ہونے اور ووٹ کرنے کیلئے پراکسی کے طور پر مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی مؤثر ہونے کیلئے اجلاس کے انعقاد کیلئے طے شدہ وقت سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کو رجسٹرڈ دفتر پر موصول ہونی چاہئے۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکولر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر انگریزی اور اردو زبان میں موجود ہے۔

**۳۔ سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک ذریعے سے شرکت:**

سالانہ اجلاس عام میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ خود کو رجسٹرڈ کرانے کیلئے اپنی متعلقہ معلومات بشمول نام سکین کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (دونوں اطراف)، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس investorcare.pk@bata.com کو بکلوز آف بزنس سے پہلے بھیج دیں۔ میٹنگ کا ویڈیو لنک ممبران کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پہ بھیجا جائیگا۔

**۴۔ ممبرز کی شرکت:**

الف) اجلاس میں شرکت کے لئے

۱) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کی ریگولیشنز کے مطابق ہیں، انہیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ ظاہر کرنا ہوگا۔

۲) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط، سالانہ اجلاس عام کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر پہلے ہی فراہم نہ کر دیا گیا ہو)۔

ب) پراکسی کی تقرری کیلئے

۱) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ فرد جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں، درج کردہ ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں۔

۲) پراکسی فارم کے دو گواہ ہونے چاہئیں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں۔

۳) بینیفشل مالک اور پراکسی کے کارآمد سی این آئی سی یا پاسپورٹس کی تصدیق شدہ نقل، پراکسی فارم کے ساتھ فسلک کی جائیں۔

۴) پراکسی اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصلی سی این آئی سی یا پاسپورٹ ظاہر کریں۔

۵) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نمونہ دستخط کمپنی میں جمع کرائی جائیں۔ (اگر پہلے ہی فراہم نہ کر دیا گیا ہو)۔

**۵۔ سالانہ رپورٹ:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 223(6) پر عمل درآمد کرتے ہوئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ بھی ممبرز کو ای میل (الیکٹرانک موڈ) کے ذریعے دی جا رہی ہے اور ہماری ویب سائٹ www.bata.com.pk پر بھی جاری کی جا رہی ہے۔ ایسے شیئر ہولڈرز جو ای میل کے ذریعے سالانہ رپورٹ کی کاپی وصول کرنا چاہتے ہیں تو وہ اپنا ای میل ہمیں درخواست 29 مارچ 2023 تک investorcare.pk@bata.com پر بھیج دیں۔ سالانہ رپورٹ کی پی ڈی ایف کاپی آپ کو ای میل کر دی جائے گی۔

**۶۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول جمع کرانا لازمی:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت بذریعہ ایس آر او نمبر 779(1)2011 مورخہ 18 اگست 2011ء کے مطابق، جن ممبرز/شیئر ہولڈرز نے کمپنی کو تاحال اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع نہیں کرائی، ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو جمع کرا دیں۔ ایس ای سی پی کے درج بالا ایس آر او بر عدم تعمیل اور کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہے، کی منتقلی روکنے پر مجبور ہو سکتی ہے۔

**۷۔ ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کیش ڈیویڈنڈ کی اپنے اکاؤنٹ میں براہ راست منتقلی کے لئے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، بینک کی تفصیلات مع بینک کا نام، پتہ، برانچ اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم کر دیں۔ تاہم وہ تمام ممبران جنھوں نے ابھی تک کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور بینک کی تفصیلات فراہم نہیں کیں ان سے دوبارہ گزارش ہے کہ وہ فوراً اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل اور مکمل پر کردہ "ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم" کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا کمپنی کو جمع کروائیں۔ کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور بینک کی تفصیلات نہ ہونے کی صورت میں ڈیویڈنڈ کی رقم کمیشن کے بنائے گئے ایکٹ اور ریگولیشنز کے مطابق روک لی جائے گی۔ "ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم" کمپنی کی ویب سائٹ www.bata.com.pk پر موجود ہے۔ جن ارکان کے شیئرز سی ڈی سی اکاؤنٹس میں ہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک مینڈیٹس متعلقہ کھاتہ داروں کو دیں۔

**۸۔ غیر دعویٰ شدہ منافع اور شیئر سرٹیفکیٹ:**

شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 اور غیر دعویٰ شدہ شیئرز، مضاربہ سرٹیفکیٹ، ڈیویڈنڈز اور دیگر انسٹرومنٹس اور غیر تقسیم شدہ ایسٹس ریگولیشنز 2017ء کے مطابق کمپنی کے لئے ایسے کیش ڈیویڈنڈز فیڈرل گورنمنٹ کے کریڈٹ میں اور شیئرز کمیشن میں جمع کرانا ہوں گی جو ادائیگی کی مقررہ تاریخ سے 3 سال سے زائد مدت کیلئے غیر دعویٰ شدہ ہے/غیر تقسیم شدہ ہیں۔ اس حوالے سے متعلقہ شیئر ہولڈرز کو نوٹس پہلے ہی جاری کئے جا چکے ہیں۔

**۹۔ فزیکل سیکیورٹیز کو ایک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 72 کے مطابق ہر لسٹڈ کمپنی پر لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ سے، اس مدت کے اندر جو کہ چار سال سے زیادہ نہ ہو۔ ایکٹ، یعنی 30 مئی 2017ء، مزید 26 مارچ 2021 کے اپنے خط کے ذریعے، ایس ای سی پی نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو اپنی فزیکل سیکیورٹیز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے رجوع کریں۔

انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ CDC شرکت کنندہ CDS/CDC نذکورہ بالا ہدایات کی روشنی میں، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اکاؤنٹ کھولیں اور اپنی موجودہ فزیکل سیکیورٹیز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

**۱۰۔ پتہ کی تبدیلی زکوٰۃ نہ کاٹے جانے کا اعلامیہ:**

ایسے ممبران جن کے پاس شیئر سرٹیفکیٹس موجود ہیں وہ اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر آگاہ کریں اور زکوٰۃ نہ کاٹے جانے کے بارے میں بیان جمع کرائیں، اگر لاگو ہے۔ ایسے ممبران جن کے شیئرز سی ڈی سی/پارٹیسپنٹ (participant) اکاؤنٹس میں ہیں، ان سے بھی گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے نئے پتے اور زکوٰۃ نہ کاٹے جانے کا بیان سی ڈی سی یا اپنے پارٹیسپنٹس (participants) کے پاس درج کرا دیں۔

رابطہ
کمپنی سیکرٹری
باٹا پاکستان لمیٹڈ
جی ٹی روڈ، باٹا پور، لاہور
پاکستان
ای میل: investorcare.pk@bata.com